# آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## نوٹیفکیشن

اعلان کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونے والا امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (جماعت نہم، دہم/کمپوزٹ) سالانہ 2020ء ان شاءاللہ مارچ کے دوسرے ہفتہ میں شروع ہوگا۔فیس معہ فارم داخلہ حسب ذیل شیڈول کے مطابق وصول کیئے جائیں گے۔

| فیس داخلہ حبیب بنک/ڈاکخانہ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ | فارم داخلہ دفتر بورڈ میں دستی جمع کروانے کی آخری تاریخ | فارم داخلہ بذریعہ ڈاک دفتر بورڈ میں وصول ہونے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| 1۔ سنگل فیس 10-12-2019 تک (برائے ریگولر/پرائیویٹ امیدواران) | 10-12-2019 | 16-12-2019 |
| 2۔ دوگنا فیس 20-12-2019 تک (برائے ریگولر/پرائیویٹ امیدواران) | 20-12-2019 | 26-12-2019 |
| 3۔ تین گنا فیس 30-12-2019 تک (برائے ریگولر/پرائیویٹ امیدواران) | 30-12-2019 | 04-01-2020 |

## اشراح فیس داخلہ

| | ریگولر امیدواران کیلئے | | | پرائیویٹ امیدواران کیلئے | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گروپس | جماعت نہم | جماعت دہم | کمپوزٹ | جماعت نہم | جماعت دہم | کمپوزٹ |
| آرٹس گروپ (بغیر عملی مضمون/مضامین کے) | -/850روپے | -/850روپے | -/1700روپے | -/900روپے | -/900روپے | -/1800روپے |
| سائنس/ٹیکنیکل/آرٹس گروپ/عملی مضمون کے ساتھ | -/900روپے | -/900روپے | -/1800روپے | -/950روپے | -/950روپے | -/1900روپے |

رجسٹریشن فیس =/ 1200روپے ہے۔ ڈبل رجسٹریشن کروانا تحت قواعد غیر قانونی اور قابل مواخذہ ہے۔

نوٹ:۔فیس داخلہ حبیب بنک لمیٹڈ آزاد کشمیر کی کسی بھی برانچ میں جمع کرائی جاسکتی ہے تاہم جہاں یہ سہولت میسر نہ ہو وہاں ڈاکخانہ کے ذریعے منی آرڈر بنام سیکرٹری صاحب انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میرپور ارسال کی جائے۔ فیس داخلہ میں کشمیر لبریشن سیس مبلغ -/2 روپے شامل ہے۔

## ہدایات/راہنمائی برائے سربراہان ادارہ جات

1- ریگولر امیدواران کے لیے پرائیویٹ فارم داخلہ اور پرائیویٹ امیدواران کے لیئے ریگولر فارم داخلہ ہرگز استعمال/ارسال نہ کیا جائے۔

2- آرٹس گروپ میں اگر عملی امتحان کا حامل مضمون شامل ہو تو فیس داخلہ سائنس گروپ کے مطابق ہوگی۔عملی مضامین میں سائنس/ٹیکنیکل مضامین کے علاوہ کمپیوٹر سائنس، فزیکل ایجوکیشن، غذا اور غذائیت اور آرٹ اینڈ ماڈل ڈرائنگ بھی شامل ہیں

3- ریگولر فارم داخلہ سربراہان ادارہ جات کی ڈیمانڈ پر ارسال کئے جائیں گے فارم داخلہ ریگولر/پرائیویٹ کی قیمت -/200روپے مقرر ہے۔جملہ سربراہان ادارہ جات کو اپنے ریگولر طلباء/طالبات جماعت نہم و دہم کی تعداد کے مطابق قیمت فارم ہا داخلہ جمع کرواکر اصل چالان/رسید کورنگ لیٹر کے ہمراہ مورخہ 30-10-2019 تک ارسال کرنے کا سرکلر پہلے ہی بورڈ ہذا سے ترسیل کیا جاچکا ہے۔تاہم جن سربراہان ادارہ جات نے تاحال اپنی ڈیمانڈ ارسال نہیں کی وہ شیڈول ہذا کے ایک ہفتہ کے اندر ارسال کردیں تاکہ انھیں بھی فارم داخلہ ارسال کئے جاسکیں جبکہ پرائیویٹ امیدواران کے فارم داخلہ حبیب بنک لمیٹڈ کی برانچز میں بھیجے جارہے ہیں۔جو قیمتاً حاصل کئے جاسکیں گے۔

4- فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، کمپیوٹر سائنس اور ریاضی سائنس کے علاوہ دیگر مضامین کا ذریعہ امتحان ''انگریزی'' اختیار کرنیوالے امیدواران کے فارم ہا داخلہ پر نشاندہی ضرور کی جائے۔ منظوری کیلیے درخواست ہمراہ فارم داخلہ شامل کی جائے۔

5- رزلٹ گزٹ کے حصول کے لئے برائے جماعت نہم -/1000روپے اور برائے جماعت دہم -/1000روپے قیمت مقرر ہے۔گزٹ کی قیمت جمع کرواکر علیحدہ کورنگ لیٹر کے ہمراہ اصل چالان/رسید ارسال کی جائے۔فیس کم وصول ہونے یا درخواست وصول نہ ہونے کی صورت میں رزلٹ گزٹ ارسال نہیں کیا جائیگا۔نیز گزٹ کی قیمت فیس داخلہ کے چالان میں ہرگز شامل نہ کی جائے۔

6- ریگولر امیدواران کا فارم داخلہ ان کے سربراہان کی استدعا پر واپس کیا/لیا جاسکتا ہے۔سربراہان کی جانب سے واپسی فارم داخلہ کی درخواست امتحان شروع ہونے سے 30 دن قبل دفتر ہذا کو موصول ہونا ضروری ہے ورنہ کارروائی نہ ہوگی۔درخواست پر فارم واپس منگوانے کی وجوہات واضح درج کی جائیں واضع رہے کہ مشروط بھیجے گئے فارم داخلہ کی پیشانی پر لفظ ''مشروط/عارضی'' (Provisionally) جلی حروف میں لکھا جائے۔جن امیدواران کے فارم ہا داخلہ سربراہ ادارہ جات نامساعد حالات کی بناء پر بورڈ کو ارسال نہ کرسکیں ایسے امیدواران بطور ریگولر اگلے ہی ضمنی امتحان میں شامل ہوسکتے ہیں۔لیکن یہ سہولت صرف جماعت دہم کیلئے ہے۔

7- ایسے تعلیمی ادارہ جات جن کے رجسٹریشن/ری ایڈمیشن/مائیگریشن کے معاملات تاحال یکسو نہیں ہوئے، کے سربراہان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ فارم ہا داخلہ ارسال کرنے سے قبل بورڈ ہذا کے متعلقہ شعبہ رجسٹریشن سے معاملات فوری یکسو کروالیں۔بدوں رجسٹریشن نمبر/نامکمل فارم داخلہ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔رجسٹریشن کے معاملات کے سلسلہ میں بورڈ ہذا کے شعبہ رجسٹریشن کے فون نمبر 05827-960052 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

8- امتحان ثانوی پارٹ اول (نہم) سالانہ 2019ء کے ایسے امیدواران جنہوں نے بعض مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیے ہوں کو تحت قواعد یہ آپشن حاصل ہے کہ وہ اس مضمون/ان مضامین کا امتحان پارٹ دوم (دہم) کے امتحان سالانہ 2020 کے ساتھ دیں یا نہ دیں۔شامل امتحان نہ ہونے کی صورت میں ان کا نتیجہ نہم 2019 اور جماعت دہم 2020 کے حاصل کردہ نمبرات کی بنیاد پر مرتب کیا جائے گا۔جو امیدواران 33% سے کم نمبرات والے مضمون/مضامین کا امتحان پارٹ دوم (دہم) کے ساتھ دینا چاہتے ہیں وہ فارم داخلہ پر اس مضمون/ان مضامین کا اندراج کالم نمبر 19 پارٹ I (جماعت نہم) میں کریں اور بہر صورت شامل امتحان ہوں شامل امتحان نہ ہونے کی صورت میں تحت قواعد غیر حاضر تصور ہوکر فیل قرار پائیں گے۔فارم داخلہ دفتر بورڈ میں وصولی کے بعد کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں تحت قواعد جرمانہ فیس ادا کرنا ہوگی۔

(جاری ہے)

9- امیدواران کی ایک ادارہ سے دوسرے ادارہ میں ہجرت کی صورت میں بورڈ ہذا سے جاری شدہ سند ہجرت کی مصدقہ کاپی فارم داخلہ کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہوگی۔

10- گریڈ فارم کی تکمیل صرف جماعت دھم کے امیدواران کے داخلی امتحانات جماعت نہم دھم کی بنیاد پرھی کی جائے

11- جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات ریگولر طلباء/طالبات کے فارم ہا داخلہ بورڈ میں ارسال کرنے سے قبل فارم داخلہ کے صفحہ نمبر 2 اور کوڈلسٹ پر درج ہدایات کے مطابق پڑتال فرمالیں نیز پرائیویٹ امیدواران کا فارم داخلہ بھی تصدیق کرنے سے قبل فارم کے صفحہ نمبر 2 پر درج ہدایات ضرور ملاحظہ فرمالیں۔ **یاد رہے فارم داخلہ غلط تصدیق کرنے کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ آفیسر تصدیق کنندہ پر عائد ہوگی۔**

(نعیم شاہد چوہدری)

کنٹرولر امتحانات سکولز

فون نمبر: 05827-960004

05827-960038

نمبر بورڈ/ثانوی/ 22170 - 19771 /2019، مورخہ 04-11-2019

نقل بالا بخدمت:-

1- جناب سیکرٹری ہمراہ جناب صدر آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد۔

2- پرنسپل سیکرٹری صاحب برائے جناب وزیر اعظم (کنٹرولنگ اتھارٹی بورڈ) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

3- پرائیویٹ سیکرٹری صاحب ہمراہ جناب چیف سیکریٹری آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

4- جناب سیکرٹری تعلیمات کالجز/سکولز آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

5- جناب سیکرٹری اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

6- جناب سیکرٹری پبلک سروس کمیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

7- جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات کالجز آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

8- جناب ناظم اعلیٰ تحقیق وترقی نصاب آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

9- جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات سکولز زنانہ/ مردانہ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

10- سیکرٹری صاحب انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین G-10/4 اسلام آباد۔

11- سیکرٹری صاحب پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کیمپ آفس انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ لاہور۔

12- کنٹرولر صاحب امتحانات فیڈرل بورڈ اسلام آباد/ تعلیمی بورڈ راولپنڈی/سرگودھا/ گوجرانوالہ/بہاولپور/ملتان/فیصل آباد/لاہور/ڈیرہ غازی خان/ سکھر/ حیدرآباد/ثانوی بورڈ کراچی/ انٹر بورڈ کراچی/پشاور/ایبٹ آباد/سوات/ بنوں/ کوہاٹ/ آرمڈ سروسز بورڈ فار ہائیر ایجوکیشن جی ایچ کیو راولپنڈی/ کوئٹہ/ آزاد کشمیر یونیورسٹی مظفرآباد/ مسٹ یونیورسٹی میرپور آزاد کشمیر۔

13- ڈویژنل ڈائریکٹر صاحبان کالجز ڈویژن میرپور/مظفرآباد/پونچھ۔

14- ڈویژنل ڈائریکٹر صاحبان سکولز ڈویژن میرپور/مظفرآباد/پونچھ۔

15- پرنسپل صاحبان/صاحبات انٹر کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز آزاد کشمیر۔

16- صدر معلمین صاحبان/صدر معلمات صاحبات بوائز/گرلز ہائی سکولز آزاد کشمیر

17- ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبان/صاحبات (زنانہ/ مردانہ) آزاد کشمیر۔

18- ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور/مظفرآباد/پونچھ/سدھنوتی/باغ/کوٹلی/بھمبر/نیلم/ ہٹیاں بالا/حویلی مرسلہو کر تحریر ہے کہ یہ خبر مسلسل تین دن جملہ اخبارات میں تفصیل کیساتھ نشر کروائی جائے۔

19- مینجر صاحبان حبیب بنک لمیٹڈ مین برانچ میرپور/بھمبر/کوٹلی/سدھنوتی/پونچھ/باغ/مظفرآباد بغرض اطلاع۔

20- **جملہ مینجر صاحبان حبیب بنک لمیٹیڈ برانچز آزاد کشمیر** مرسلہو کر تحریر ہے کہ موجودہ امتحان کیلئے امیدواران کو نئے داخلہ فارم ہی جاری کیے جائیں اگر آپ کے پاس پرانے فارم داخلہ ہوں تو وہ دفتر ہذا کو واپس کر دیئے جائیں۔ نئے فارم داخلہ کی قیمت -/200 روپے مقرر کی گئی ہے۔اور فروخت شدہ فارم ہا داخلہ کی رقم جمع کر کے اصل چالان کے ہمراہ اور غیر فروخت شدہ فارم ہا داخلہ معہ کورنگ لیٹر دفتر ہذا کو امتحان شروع ہوتے ہی واپس ارسال کر دیئے جائیں تا کہ آپ کو بروقت NOC جاری کیا جا سکے۔

21- ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/تراڑکھل/میرپور وانچارج صاحب اسٹیشن ریڈیو ایف ایم میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔

22- نمائندہ صاحبان PTV/APP/ آج/جیو/رائل/سماء/ARY/دنیا/ایکسپریس میرپور مرسلہو کر تحریر ہے کہ یہ خبر بالتفصیل تین دن مسلسل نشر کروائی جائے۔

23- نمائندہ صاحبان روزنامہ جنگ/نوائے وقت/پاکستان/خبریں/صحافت/اوصاف/جناح/جموں وکشمیر/ایکسپریس/ شاہین/ صدائے چنار/دن/جذبہ/محاسب/اذکار میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔

24- PS ٹو چیئرمین برائے ملاحظہ جناب چیئرمین بورڈ ہذا۔

25- جناب سیکریٹری بورڈ ہذا۔

26- جملہ آفیسران بورڈ/نگران شعبہ جات بغرض اطلاع

27- محترمہ سسٹم انالسٹ صاحبہ بغرض Up-Loading بطور خبر۔

28- داخلی تقسیم/مثل متعلقہ/نوٹس بورڈ/انکوائری آفس/آفس کاپی۔

D/IKRAM-QURESHI/15-18/notifn